کتاب	:	نشانِ راہ (حصہ سوم) المعروف حدیثِ عشق
مصنف	:	حافظ محمد مظہر الدین
اشاعتِ اوّل	:	اکتوبر ۱۹۹۹ء
طابع	:	اویس پبلیکیشنز۔ خسرہ نمبر ۷۴۴، افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ
قیمت	:	۱۵۰ روپے

حافظ محمد مظہر الدین کی ذات کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ شعر و ادب کی دنیا میں ان کا اسمِ گرامی پوری آب و تاب کے ساتھ چمک رہا ہے، بالخصوص فنِ نعت گوئی میں وہ مرتبہ کمال پر فائز ہیں۔ ان کے نعتیہ مجموعوں تجلیات، جلوہ گاہ، باب جبریل کو اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے اصحاب عشق و مستی اور اہلِ علم و فضل کے حلقوں میں بے حد مقبولیت حاصل ہوئی۔

زیرِ نظر کتاب "نشانِ راہ" ان کی وہ تحریریں ہیں جو روزنامہ تعمیر میں "سیرت و کردار" اور پھر روزنامہ کوہستان میں "نشانِ راہ" کے عنوان سے طبع ہوتی رہیں۔ یہ کتاب ۱۳۷ عنوانات کے تحت ۲۴۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ حافظ صاحب رحمہ اللہ علیہ کے ہر کالم اور واقعات نگاری سے مقصود قاری کے دل کی تاروں کو حرکت میں لا کر اس کی تعمیرِ سیرت تھا چنانچہ کم و بیش ہر قاری دورانِ مطالعہ محسوس کرتا ہے کہ حافظ صاحب مرحوم اپنے مقصد کے حصول میں خاصے کامیاب ہوئے ہیں۔ ان کے صاحبزادے جناب اویس مظہر صاحب نے ان کی تحریروں کو یکجا کر کے طباعت کا اہتمام فرمایا۔ اللہ رب العزت انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

ادارہ